درسِ هیژدهم (۱۸)

# حکایات گلستان

## (۱) حکایت:-

لقمان را گفتند ادب از کہ آموختی؟ گفت! از بی ادبان، ھر چہ از ایشان در نظرم ناپسند آمد از آن پرھیز کردم

## (۲) حکایت:-

یکی از صالحان بخواب دید بادشاھی را در بہشت و پارسائی را در دوزخ۔ پرسید کہ موجب درجات آن چیست وسبب درکات آن چہ کہ مردم بخلاف آن می پندارند۔ ندا آمد کہ این پادشاہ بہ ارادت درویشان در بہشت است۔ واین پارسا بتقرب پادشاھان در دوزخ۔

## (۳) حکایت:-

دزدی بخانہ پارسائی درآمد چندان کہ طلب کرد چیزی نیافت۔ دل تنگ شد۔ پارسا را خبر شد۔ گلیمی کہ بر آن خفتہ بود۔ در راہِ دزد انداخت تا محروم نشود۔

## راھنمائی:

شامل نصاب تینوں حکایتیں شیخ سعدی شیرازی کی شہرۂ آفاق تصنیف ''گلستان'' سے ماخوذ ہیں۔ فارسی ادب کی تاریخ میں شیخ سعدی کی شخصیت ایک چمکدار تارے کی طرح ہے۔ سعدی شیرازی ہمہ جہت شخصیت کے مالک تھے

وہ بیک وقت فارسی کے قادر الکلام شاعر بھی تھے اور ایک صاحب طرز نثر نگار بھی، اس کے علاوہ اپنے وقت کے صاحب نسبت صوفی بھی۔ سعدی کی فارسی شاعری کا مجموعہ ''کلّیات سعدی'' اور ایک مثنوی ''بوستان'' ہے۔ گلستانِ سعدی ایک ایسی کتاب ہے جو نظم ملی ہوئی نثر ہے۔ گلستاں میں سعدی نے انسان کی عملی زندگی سے متعلق بہت ساری کار آمد باتیں حکایتوں کی شکل میں پیش کی ہیں بعض حکایات تو ایسی ہیں جن کے چند فقروں میں ہی بہت بڑی بات کہہ گئے ہیں۔ شامل نصاب حکایات اسی سلسلے کی ایک کڑی ہیں، یہی وجہ ہے کہ گلستاں کو عالمی ادب میں اہم مقام حاصل ہے۔

## مشکل الفاظ کے معانی:

| الفاظ | معانی |
|---|---|
| حکایات | واقعہ، کہانی (حکایت کی جمع) |
| کہ | کون، کس |
| آموختی | تو نے سیکھا |
| ھرچہ | جو کچھ |
| ایشان | یہ لوگ |
| ازان (از+آن) | اس سے |
| صالحان | نیک لوگ (صالح کی جمع) |
| موجب | وجہ |
| پارسا | متقی، پرہیز گار |
| چیست | (چہ+است=چیست) کیا ہے؟ |
| درکات | بُرے درجے یا تنزّلی |
| ندا | آواز |
| درویش | فقیر |
| دزد | چور |
| بتقرب | قربت سے |

| | |
|---|---|
| گلیم | کمبل |
| چندان کہ | جتنا کہ |
| دل تنگ شد | مایوس ہوا |

## مشقی سوالات:

۱- شیخ سعدی کی شخصیت سے اپنی واقفیت کا اظہار کیجیے۔

۲- کتاب "گلستان" کے بارے میں پانچ جملے لکھیے۔

۳- نصاب میں شامل حکایتوں میں دوسری حکایت کا مفہوم لکھیے۔

۴- بے ادبوں سے ادب سیکھنے کا مطلب کیا ہے؟

۵- چور کے ساتھ پارسا نے کیا سلوک کیا؟

۶- قوسین میں دیئے گئے الفاظ سے خالی جگہوں کو بھریئے:

لقمان را............ کہ ادب از کہ............، گفت! از............

ھر چہ از ایشان در............ ناپسند آمد............ کردم

(نظرم، آموختی، گفتند، بی ادبان، از ان)

## ۷- درج ذیل فارسی جملوں کے اردو میں ترجمہ کیجیے؟

دزدی بخانہ پارسائی درآمد چندان کہ طلب کرد چیزی نیافت دل تنگ شد پارسا را خبر شد۔ گلیمی کہ بر آن خفتہ بود در راہ دزد انداخت تا محروم نشود۔

## ۸- قوسین میں دیئے گئے الفاظ سے صحیح جواب چن کر لکھیے!

(الف) یکی از............ بخواب دید (صالحان، ناصحان)

(ب) دزدی بخانہ............ درآمد (پادشاھی، پارسائی)

(ج) چندان کہ طلب کرد............ نیافت (چیزی، دولتی)

(د) گلیمی کہ............ خفتہ بود (درآن، برآن)